104446 ـ کسی کی سالگرہ کا علم ہونے کے باوجود تقریب میں شریك ہونے کا حکم

سوال

کسی دوست کے گھر کھانے کی دعوت میں شریك ہونے کا حکم کیا ہے، لیکن اس میں وضاحت نہیں کی گئی کہ یہ سالگرہ کی تقریب ہے، اس کھانے میں کوئی مبارکباد یا سالگرہ کا موضوع نہیں چھیڑا گیا، لیکن شبہ ہے کہ یہ سالگرہ کی دعوت ہے اور کھانے کے بعد کیك بھی موجود تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کسی کی سالگرہ میں شریك ہونا جائز نہیں؛ کیونکہ اگر یہ عمل اللہ کا تقرب اور تعبد ہو تو یہ بدعت ہو گا کیونکہ شریعت میں اس کا ثبوت نہیں، اور اگر یہ عام عادت کے مطابق کیا جائے تو یہ تہوار بھی بدعت ہے، اور پھر اس میں غیر مسلموں کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے جن سے یہ سالگرہ کا تہوار لیا گیا ہے.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (1027) کے جواب کا مطالعہ کریں.

جس شخص کو کسی تقریب اور دعوت میں بلایا جائے اور اسے علم ہو جائے یا پھر اس کا ظن غالب ہو کہ یہ کھانا اور تقریب سالگرہ کی ہے تو اس میں شریك ہونا جائز نہیں؛ کیونکہ وہاں حاضر ہونے میں برائی کا اقرار اور اس میں معاونت ہو گی.

اور اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور تم نیکی و بھلائی اور تقوی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرتے رہو، اور گناہ و برائی اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو، یقینا اللہ تعالی سخت سزا دینے والا ہے المآئدۃ (2).

مزید آپ سوال نمبر (9485) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .